حق پرستی کا پیغام صوبہ سندھ سے نکل کر آزاد کشمیر سمیت ملک بھر میں پہنچ چکا ہے، الطاف حسین

انشاءاللہ وہ دن دورنہیں جب مظلوم عوام حق پرستانہ پیغام کو سمجھنے کی کوشش کریں گے اور فرسودہ جاگیردارانہ نظام کے خاتمہ کیلئے ایم کیوایم کے پرچم تلے جمع ہوجائیں گے

ایم کیوایم کے سلور جوبلی یوم تاسیس کے اجتماعات سے الطاف حسین کے ٹیلی فونک خطاب کی مزید تفصیلات

لندن۔۔۔19، مارچ 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے کہا ہے کہ حق پرستی کا پیغام صوبہ سندھ سے نکل کر آزاد کشمیر سمیت ملک بھر میں پہنچ چکا ہے اور انشاءاللہ وہ دن دورنہیں جب ملک بھر کے مظلوم عوام ایم کیوایم کے حق پرستانہ پیغام کو سمجھنے کی کوشش کریں گے اور ملک سے فرسودہ جاگیردارانہ نظام کے خاتمہ کیلئے ایم کیوایم کے پرچم تلے جمع ہوجائیں گے۔ جناح گراؤنڈ کراچی سمیت ملک کے مختلف 24 شہروں میں ایم کیوایم کے سلور جوبلی یوم تاسیس کے اجتماعات سے جناب الطاف حسین کے ٹیلی فونک خطاب کی مزید تفصیلات کے مطابق انہوں نے کہا کہ ایم کیوایم قربانیوں کا طویل سفر طے کرکے یہاں تک پہنچی ہے اور ایم کیوایم کے کارکنان کی قربانیوں کی ہی بدولت آج حق پرستی کا پیغام صوبہ سندھ سے نکل کر آزاد کشمیر سمیت ملک بھر میں پہنچ چکا ہے۔ انہوں نے کہا کہ وہ دن دورنہیں جب صوبہ پنجاب کی مائیں، بہنیں، بزرگ، دانشور، اساتذہ کرام اور صحافی بھی حقائق کو سمجھیں گے اور فرسودہ جاگیردارانہ نظام کے خاتمہ کیلئے اپنا عملی کردار ادا کریں گے۔ انہوں نے کہا کہ ایک سازش کے تحت پنجابی، پختون، سندھی، بلوچ، کشمیری، سرائیکی، گلگتی، چترالی، میانوالی اور ہزاروال قومیت سے تعلق رکھنے والے عوام کو ایم کیوایم کے خلاف بہکایا گیا اور انہیں ایم کیوایم سے دور کرنے کی کوشش کی گئی لیکن وہ مخالفین کے منفی پروپیگنڈوں میں نہ آئے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کی تمام قومیتوں سے تعلق رکھنے والے ساتھیوں نے جب سے اپنے الطاف بھائی کا ہاتھ تھاما ہے وہ آج کے دن بھی تھامے ہوئے ہیں جس پر میں ایک ایک ساتھی کو دل کی گہرائی سے زبردست خراج تحسین پیش کرتا ہوں جناب الطاف حسین نے کہا کہ ایک دن آئے گا جب ملک بھر کے دیگر محروم، محکوم اور مظلوم عوام بھی ایم کیوایم کے پیغام کو سمجھنے کی کوشش کریں گے اور فرسودہ جاگیردارنہ نظام کے ''اسٹیٹس کو'' کو توڑنے کیلئے ایم کیوایم کے پرچم تلے جمع ہونگے اور اپنے اتحاد کی طاقت سے فرسودہ جاگیردارانہ نظام کا خاتمہ کردیں گے۔

ایم کیوایم کے 25 ویں یوم تاسیس کی تقریب کل لندن میں ہوگی

یوم تاسیس کی تقریب سے الطاف حسین خطاب کریں گے

سلور جوبلی تقریب میں پاکستان سمیت دنیا کے مختلف ممالک سے سیاسی، سماجی، سفارتی شخصیات اور ایم کیوایم کے ذمہ داران، کارکنان، ہمدرداوران کے اہل خانہ شرکت کریں گے

لندن۔۔۔19، مارچ 2009ء

ایم کیوایم برطانیہ یونٹ کے زیراہتمام ایم کیوایم کے سلور جوبلی یوم تاسیس کی تقریب لندن میں کل بروز جمعہ کو منعقد کی جائے گی۔ یہ تقریب لندن کے علاقے ایجویئر میں واقع وی آئی پی لاؤنج میں منعقد کی جائے گی جس سے ایم کیوایم کے قائد جناب الطاف حسین خطاب کریں گے۔ ایم کیوایم کے 25 ویں یوم تاسیس کی تقریب میں مختلف سیاسی، سماجی اور سفارتی شخصیات کے علاوہ پاکستان سمیت دنیا کے مختلف ممالک سے ایم کیوایم کے ذمہ داران، کارکنان اور برطانیہ کے مختلف شہروں سے تعلق رکھنے والے ایم کیوایم کے کارکنان، ہمدرداوران کے اہل خانہ شرکت کریں گے۔ یوم تاسیس کی تقریب کے سلسلے میں ایم کیوایم برطانیہ یونٹ کی جانب سے دعوت نامے جاری کئے جاچکے ہیں جبکہ تقریب کے انتظامات کو حتمی شکل دی جارہی ہے۔

ذیشان حیدر عابدی اور ہمدرد سید محمد شہنشاہ عابدی کی شہادت پر الطاف حسین کا اظہار افسوس

لندن ۔۔۔19، مارچ 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے مسلح دہشت گردوں کی فائرنگ سے ایم کیوایم شاہ فیصل کالونی یونٹ 106 کے کارکن سید ذیشان حیدر عابدی اور ہمدرد سید محمد شہنشاہ عابدی کی شہادت پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے ۔ایک تعزیتی بیان میں جناب الطاف حسین نے شہداء کے سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی ۔ جناب الطاف حسین نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ شہداء کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگوار لواحقین کو صبر جمیل عطا کرے ۔(آمین)

سید ذیشان اور سید شہنشاہ کے سفاکانہ قتل کا نوٹس لیا جائے، رابطہ کمیٹی

کراچی ۔۔۔19، مارچ 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے شاہ فیصل کالونی میں مسلح دہشت گردوں کے ہاتھوں ایم کیوایم شاہ فیصل کالونی یونٹ 106 کے کارکن سید ذیشان حیدر عابدی اور ہمدرد سید محمد شہنشاہ جعفری کے بہیمانہ قتل کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کی ہے ۔ایک بیان میں رابطہ کمیٹی نے کہا کہ سید ذیشان اور سید شہنشاہ کا قتل شہر کا امن غارت کرنے کی گھناؤنی سازشوں کا حصہ ہے جس کی جتنی بھی مذمت کی جائے کم ہے ۔رابطہ کمیٹی نے گورنر سندھ ڈاکٹر عشرت العباد اور وزیراعلیٰ سندھ سید قائم علی سے مطالبہ کیا کہ سید ذیشان اور سید شہنشاہ کے سفاکانہ قتل کا نوٹس لیا جائے اور سفاک قاتلوں کو گرفتار کرکے قرار واقعی سزا دی جائے ۔رابطہ کمیٹی نے شہداء کے سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ شہداء کو اپنی جوار رحمت میں جگہ عطا فرمائے اور سوگوار لواحقین کو صبر جمیل عطا کرے ۔(آمین)

☆☆☆☆☆